نسلی مساوات کی ترویج کے لیے موجودہ
اور تجویز کردہ اقدامات

ویجیٹیبل مارکیٹنگ آرگنائزیشن (VMO)

ویجیٹیبل مارکیٹنگ آرگنائزیشن (VMO) مالی طور پر خودمختار، ایک غیر منافع بخش ادارہ ہے جو کہ ایگریکلچرل پراڈکٹس (مارکیٹنگ) آرڈیننس، کیپ 277 کے زیر سایہ ڈائریکٹر آف ماریکیٹنگ کو تفویض کردہ اختیار کے تحت 1946 میں تشکیل دیا گیا تھا۔ VMO چیونگ شان وان میں اپنی ہول سیل مارکیٹ کے ذریعے بنیادی طور پر ویجیٹیبل ہول سیلرز اور خریداروں کو ہول سیل خدمات اور تجارتی پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے۔ علاوہ ازیں، VMO عامۃ الناس کو محفوظ اور اعلیٰ معیار کی سبزیوں کی قابل بھروسا اور مستحکم سپلائی فراہم کرتا ہے، اور مقامی زراعت کے فروغ میں پائیدار انداز میں معاونت فراہم کرتا ہے۔

متعلقہ خدمات

- مختلف النسل افراد کو خدمات فراہم کرتا ہے بشمول:
  - محفوظ اور معیاری سبزیوں کی قابل بھروسا اور مستحکم انداز میں فراہمی؛
  - مارکیٹ کے شراکت داروں کے لیے منصفانہ اور اعلیٰ تشکیل یافتہ تجارتی ماحول کی فراہمی؛
  - مقامی زراعت کے فروغ میں اضافے کے لیے مارکیٹ آپریشن سے بچ رہنے والی اشیاء کو پھر سے کاشت میں لانا۔

موجودہ اقدامات

- نسلی مساوات کے لیے موجودہ اقدامات، بشمول سروس استعمال کنندگان کو چینی اور انگریزی کے مابین ترجمہ اور چینی، انگریزی اور منڈارن کے درمیان ترجمان کاری کی سہولت کی فراہمی۔

- رجسٹرڈ خریداروں کے لیے درخواست فارم اور VMO کی ویب سائٹ کی چینی (روایتی اور سادہ) اور انگریزی میں فراہمی۔

- مختلف النسل افراد کے درمیان ابلاغ بہتر بنانے کے لیے، مارکیٹ کا عملہ ہانگ کانگ کرسچن سروس کی فراہم کردہ ٹیلیفون ترجمانی سروس کو موزوں طور پر استعمال میں لاتا ہے۔

• مختلف زبانوں میں نسلی مساوات کی ترویج کے لیے اقدامات کی چیک لسٹ VMO مارکیٹ کے دفتر میں دستیاب کی جائے گی اور نمایاں طور پر آویزاں کی جائے گی۔	مستقبل کے کام کا جائزہ
• VMO ہول سیل مارکیٹ کے اندر مختلف النسل افراد کی ضروریات کو پیش نظر رکھنا جاری رکھے گا اور ضرورت پڑنے پر اقدامات اٹھائے گا تاکہ نسلی پس منظر سے قطع نظر، عامۃ الناس کے سبھی افراد کو خدمات فراہم کی جا سکیں۔	
• VMO کی ملازمتوں کے سبھی درخواست دہندگان کو مساویانہ ملازمتی موقع فراہم کیے جائیں گے۔	
• VMO اپنے مارکیٹ کے عملہ کے لیے نسلی حساسیت اور ان کی نسلی امتیاز کے آرڈیننس کے حوالے سے تفہیم کو بہتر بنانے کی غرض سے ٹریننگ کا انتظام کرے گا۔	
• ان اقدامات پر سختی سے عمل درآمد کیا جائے گا تاکہ اس امر کو یقینی بنایا جائے کہ VMO کی طرف سے نسل کے عنسر سے بالا تر ہو کر خدمات فراہم کی جاتی ہیں۔	اضافی اقدامات جو لیے گئے / جو لیے جانے ہیں
• مسلسل بہتری کے لیے اقدامات کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جاتا ہے۔	
• VMO انتظامیہ کی جانب سے باقاعدگی کے ساتھ مختلف النسل افراد اور نسلی گروہوں/مارکیٹ صارفین کی رائے کو ریکارڈ کیا جائے گا اور ان کا تجزیہ کیا جائے گا تاکہ ان کو فراہم کردہ مارکیٹ سروسز میں مزید بہتری لائی جا سکے۔	

نسلی مساوات کی ترویج کے لیے موجودہ اور تجویز کردہ اقدامات سے متعلق استفسارات کے لیے، براہ مہربانی درج ذیل چینلز کے ذریعے مسٹر۔ ٹومی ٹسانگ کے ساتھ رابطہ قائم کریں:

ٹیلیفون نمبر : 2710 0951

فیکس نمبر : 2710 0927

ای میل : mmlvmo@vmo.org

پتہ : 757 Lai Chi Kok Road, Kowloon
Cheung Sha Wan Wholesale Vegetable Market

ویجیٹیبل مارکیٹنگ آرگنائزیشن

مئی 2026